آپ یہ بھی دیکھیں گے کہ جب جوتے پڑے تو بعض بول اٹھے، کہ ہم جھوٹے تھے، ہم توبہ کرتے ہیں۔

چونکہ یہ دونوں خواہشیں اور داعیے ہمیشہ موجود رہے ہیں، اس لیے بہتر ہے کہ اس قماش کے لوگوں کی نفسیات، ہتھکنڈوں اور شرارتوں کے پیچ وخم سے ہر مسلمان کو باخبر رہنا چاہیے تاکہ جب یہ فتنہ سر اٹھائے تو موقع پر ہی اس کی سرکوبی کی جا سکے۔ (عزیز زبیدی)

(۲)

تالیف: کشف الاسرار

مؤلف: مولانا محمد صدیق صاحب شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ۔ لائلپور

مرتب: محمد سلیمان اظہر ایم اے۔

ناشر: عمیر اکیڈمی۔ گلی نمبر ۴، محلہ رحمت آباد، پوسٹ بکس نشاط آباد لائلپور

طباعت: عمدہ

قیمت: ۶/- روپے

زیر نظر تالیف، ایک شیعہ عالم مولوی غلام یٰسین صاحب کی طرف سے اہل سنت وجماعت پر کیے گئے ۴۲ اعتراضات کا مدلل جواب ہے اور درحقیقت یہی اعتراضات الفاظ کے ہیر پھیر کے ساتھ اہل تشیع اکثر اٹھاتے رہتے ہیں۔ اس کتاب میں صحابہ کرامؓ کے ایثار، خاندانِ رسالت سے ان کی رشتہ داریاں، ان کے فضائل اور شاجرات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اسی طرح واقعۂ قرطاس، طائفہ منصورہ، اذان میں "الصلوٰۃ خیر من النوم" کا ثبوت اور تصورِ امامت جیسے مسائل پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔ بعض روایات جو خوش عقیدہ سنی حضرات بھی پیش کر دیتے ہیں ان کی حقیقت واضح کی گئی ہے۔ "انا مدینۃ العلم وعلی بابھا" اسی قبیل کی روایت ہے۔

کتاب پر ایک نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ مولانا محمد صدیق صاحب کی شیعہ لٹریچر پر گہری نظر ہے اور وہ اپنے موضوع سے بطورِ احسن عہدہ برآ ہوتے ہیں۔ پروفیسر سلیمان اظہر صاحب بھی مبارکباد کے مستحق ہیں جنھوں نے کتاب کی نوک پلک سنواری ہے۔ کتابت کی اغلاط ذوق پر گراں گزرتی ہیں۔ (ابوشاہد)

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں